نیوز ریلیز

# البرٹا کے طلباء کیلئے نئے اسکولوں کو تیزی سے مکمل کرنا

18 ستمبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کی حکومت صوبے بھر میں اگلے سات سالوں میں طلباء کیلئے 200,000 نئی جگہیں کھولنے اور انہیں مکمل کرنے کیلئے 8.6 بلین ڈالر خرچ کرنے کا عزم رکھتی ہے۔

البرٹا کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے کیونکہ کینیڈا اور دنیا بھر سے زیادہ لوگ اس صوبے کو اپنا گھر بنانے کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ تیز رفتار بڑھوتی کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 12 تک کے تعلیمی نظام پر دباؤ ڈالنے کا باعث بن رہی ہے، اور طلباء کے داخلہ لینے کی شرح میں تاریخی لحاظ سے اضافہ ہو رہا ہے۔

طلباء کے تیزی سے داخلے لینے کو برقرار رکھنے کیلئے، البرٹا کی حکومت نئے اسکولوں کی تعمیر کو تیز کرنے والے پروگرام (new School Construction Accelerator Program) کیلئے 8.6 بلین ڈالر خرچ کرنے کا عزم رکھتی ہے۔ یہ پروگرام طلباء کو سیکھنے، ترقی کرنے اور اپنی پوری صلاحیتوں تک پہنچنے کیلئے 200,000 سے زائد نئی اور جدید بنائی گئی جگہیں تشکیل دے گا۔ 2025ء کے بجٹ سے ابتدا کرکے، البرٹا کی حکومت اگلے تین سالوں تک ہر سال 30 نئے اسکولوں تک شروع کرے گی اور زیادہ سے زیادہ آٹھ اسکولوں کو جدید بنائے گی اور متبادل اسکول شروع کرے گی۔

"ہر طالبعلم اسکول میں معیاری تعلیم حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے جو ان کی سیکھنے کی ضروریات کو پورا اور انہیں مستقبل میں کامیابی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ کیونکہ لاکھوں لوگ البرٹا کو اپنا گھر بنانے کا انتخاب کر رہے ہیں، ہم اپنی تیزی سے بڑھنے والی کمیونٹیوں کی ضرورت کیلئے اسکولوں کی فنڈنگ اور تعمیر کے ذریعے جواب دے رہے ہیں۔ اس تعمیر کے دوران، ہم اسکول بورڈز اور میونسپلٹیوں کو کہہ رہے ہیں کہ وہ ہمارے ساتھ مِل کر کام کریں تاکہ ہم جتنا جلد ممکن ہو سکے کام کو شروع کر سکیں۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

کیلگری میٹروپولیٹن کا علاقہ اور ایڈمنٹن میٹروپولیٹن ریجن، اور صوبے بھر میں دوسری کمیونٹیاں، طلباء کی مضبوط نشوونما اور اسکولوں کے عمر رسیدہ بنیادی ڈھانچے کے دباؤ کو محسوس کرتے رہے ہیں۔ اسکولوں کی تعمیر کو تیز کرنے والے پروگرام کے نتیجے میں آنے والے تین سالوں میں طلباء کی 50,000 نئی یا جدید بنائی گئیں جگہیں تشکیل پائیں گی — اور اگلے چار سالوں میں 150,000 سے زائد نئی اور جدید بنائی گئیں جگہیں تشکیل پائیں گی۔ مجموعی طور پر، اسکولوں کی تعمیر کو تیز کرنے والے پروگرام کا مطلب اگلے تین سالوں میں ہر سال 30 نئے اسکولوں کے منصوبے اور ہر سال آٹھ نئے جدید بنائے گئے اور متبادل اسکولوں کے منصوبوں کی منظوری ہوگا۔ اسکولوں کے منصوبوں کے علاوہ، اگلے چار سالوں میں ماڈیولر کلاس رومز (modular classrooms) کے ذریعے طلباء کیلئے 20,000 نئی جگہیں فراہم کر دی جائیں گی۔

"ہم اپنے صوبے کے مستقبل پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ اگلے تین سالوں میں ہر سال فوری طور پر 30 نئے اسکول شروع کرنے کے اپنے عزم کے ذریعے، ہم صوبے بھر میں اور اپنی تیز ترین بڑھتی ہوئی کمیونٹیوں میں طلباء کے سیکھنے، بڑھنے پھولنے اور انہیں ان کی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے کیلئے نئی جگہیں فراہم کر رہے ہیں۔"

*ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم*

"مَیں اپنی وزارت اور صنعتی شراکت داروں کے ساتھ مِل کر البرٹا میں رہنے والوں کی ضرورت کے مطابق اسکولوں کی تعمیر کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کام کرنے کا منتظر ہوں کہ ہر منصوبہ اتنا ہی منفرد ہوتا ہے جتنا کہ وہ طلباء ہوتے ہیں جو اسے استعمال کرتے ہیں۔ اسکولوں کی تعمیر، جدید کاری اور تجدید صوبے بھر میں دسیوں ہزار ملازمتوں کو سپورٹ کرتی ہے۔ جوں جوں البرٹا کی کمیونٹیز بڑھتی جا رہی ہیں، ملازمتیں پیدا کرنے اور ہماری مقامی اور صوبائی معیشتوں کو فروغ دینے کے دوران، یہ اعلان ہمیں اسکولوں میں جگہوں کی مانگ کو تیزی سے اور زیادہ مؤثر طریقے سے پورا کرنے کی اجازت دے گا۔"

*پیِٹ گتھری (Pete Guthrie)، انفراسٹرکچر کے وزیر*

اسکولوں کی تعمیر کو تیز کرنے والا پروگرام اسکولوں کی تعمیر کو تیز کرنے کیلئے بھی فوری کاروائی کرتا ہے تاکہ اگلے بجٹ کے دورانئے کا انتظار کئے بغیر تعمیراتی عمل کے اگلے مرحلے کیلئے اسکولوں کے منصوبوں کو سال کے اندر اندر منظوری دیئے جانے کے قابل بنا کر اسکول کی تعمیر کو تیز کیا جا سکے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے سے منظور شدہ اسکولوں کے تمام منصوبے جو اس وقت منصوبہ بندی اور ڈیزائن کے مراحل میں ہیں وہ اگلے مرحلہ کیلئے آگے بڑھ سکتے ہیں جیسے ہی وہ ایسا کئے جانے کیلئے تیار ہوں۔ اس تبدیلی کے ذریعہ، پہلے سے اعلان کردہ ترجیحی اسکولوں کے 10 منصوبوں کو اب منصوبوں کی تکمیل کے اگلے مرحلے کیلئے منظوری دی جا چکی ہے، جن میں سے چھ تعمیر کی مکمل تکمیل کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

آبادی میں اضافے نے نہ صرف پبلک اسکولوں اور علیحدہ اسکولوں کے نظام میں دباؤ بڑھایا ہے بلکہ پبلیکلی فنڈڈ چارٹر پروگرامنگ اور جگہوں کی مانگ میں بھی اضافہ کیا ہے۔ ایسے طلباء کو منفرد پروگرامنگ پیش کر کے جو سیکھنے کے انداز، پڑھانے کے انداز، نقطہ نظر یا تدریس پر توجہ دیتے ہیں جنہیں اسکول بورڈز پیش نہیں کرتے جہاں چارٹر واقع ہے، پبلک چارٹر اسکول البرٹا کے تعلیمی نظام میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس تیز رفتار پروگرام کے ایک حصہ کے طور پر، البرٹا کی حکومت چارٹر اسکول ایکسیلیٹر پائلٹ پروگرام کے ذریعے آئندہ چار سالوں میں نئے چارٹر اسکول طلباء کیلئے 12,500 جگہیں شامل کرے گی۔

انڈیپینڈینٹ اسکول والدانہ اور تعلیمی چوائس کی سپورٹ کیلئے سیکھنے کی خصوصی معاونتوں کے ساتھ ساتھ مذہبی اور ثقافتی پروگرامنگ پیش کرتے ہیں۔ البرٹا کی حکومت البرٹا کے خاندانوں کیلئے سیکھنے کے انتخابات کو وسیع کرنے کیلئے غیر منفعت بخش انڈیپینڈینٹ اسکولوں کیلئے ایک اسکول کیپیٹل پائلٹ پروگرام کے مواقع تلاش کرنے کو جاری رکھے گی۔

## فوری حقائق

- اسکولوں کی تعمیر کو تیز کرنے کا پروگرام طلباء کی 200,000 سے زائد نئی اور جدید بنائی گئی جگہیں فراہم کرے گا۔
  - اگلے تین سالوں میں پہلے سے منظور شدہ اسکولوں کے منصوبے اور موڈیولر کلاس رومز طلباء کی تقریباً 50,000 نئی اور جدید بنائی گئی جگہیں تشکیل دیں گے۔
  - یہ پروگرام طلباء کی تقریباً 150,000 اضافی نئی اور جدید بنائی گئی جگہیں تشکیل دے گا۔ اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- طلباء کی 100,000 سے زائد نئی جگہیں
- طلباء کی 16,600 سے زائد جدید بنائی گئی جگہیں
- نئے یا منتقل کردہ موڈیولر کلاس رومز میں طلباء کی 20,000 سے زائد جگہیں
- پبلک چارٹر اسکول کے طلباء کی تقریباً 12,500 نئی جگہیں

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

## میڈیا انکوائریز


### سوینا جوہینسن (Savannah Johannsen)

780-427-2251
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

### کیون لِی (Kevin Lee)

587-785-4366
پریس سیکریٹری، ایجوکیشن


Classification: Public